مدح سلطانِ عرب و عجم امام علی رضا علیہ السلام

محترمہ بنت زہراء نقوی ندیؔ الہندی
معلمۂ جامعۃ الزہراء، بڑا باغ، لکھنؤ

کون آیا یہ کیوں خوشی ہے بہت　　کیوں مدینے میں روشنی ہے بہت
اک علیؑ آگیا علیؑ کے گھر　　یہ خبر عام ہوگئی ہے بہت
دیکھ کر خانۂ علیؑ میں خوشی　　کعبۃ اللہ کو خوشی ہے بہت
چاند کاظمؑ کے گھر میں اترا ہے　　اس لئے آج چاندنی ہے بہت
بے عمل کو گھڑی کی قدر نہیں　　باعمل کو گھڑی گھڑی ہے بہت
اس جہاں میں خدا رسی کے لئے　　سچ یہی ہے کہ خود رسی ہے بہت
وادئ مدح میں پڑے ہیں حضور　　لگ رہا ہے کہ آج پی ہے بہت
چلئے چلئے رضاؑ کی چوکھٹ پر　　علم و عرفاں کی تشنگی ہے بہت
ان کا احسان کل بھی تھا بے حد　　ان کا احسان آج بھی ہے بہت
ہم کو جنت کی فکر کچھ بھی نہیں　　ہم کو مولا تری گلی ہے بہت
بلبل گلشن مناقب ہوں　　مجھ کو بس گلشن علیؑ ہے بہت
وقت کی قدر جان لو جو ندیؔ　　چار دن کی یہ زندگی ہے بہت

قطعات در مدح امام زمانہ علیہ السلام

اسیفؔ جائسی

کیسی تاثیر ہے تصور میں　　صرف تنویر ہے تصور میں
کعبۂ دل میں نور کیوں نہ رہے　　ان کی تصویر ہے تصویر میں

بات بگڑی ہوئی بنی ہے بہت　　میرے مولاؑ کی بات ہی ہے بہت
آپ کا نام آیا، آ بھی گئے　　آپ کی سچ میں زندگی ہے بہت